Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضورِ پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ رجب المرجب ۱۳۳۵ھ مطابق ۳۰ اپریل ۱۹۱۷ء | جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	سبکدوشی ڈاکٹر یو۔ ایل۔ ڈیسائی۔ ایم۔ ڈی۔ از خدمات ملازمت ۔	۱
۲	عدم دستیابی اسلحہ محمد اشرف علیخاں نائب تحصیلدار مرحوم ۔	۲
۳	تقرر منشی منظور علی صاحب بعہدہ انسپکٹنگ افسر میونسپلٹی ۔	"
۴	منظوری قواعد نسبت سابہ رقم امانت ضمانت ۔	"
۵	نقشہ نرخ خاصہ اجناس ۔	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایوں بندگانِ حضورِ پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۱ اپریل ۱۹۱۷ء

ڈاکٹر یو۔ ایل۔ ڈیسائی۔ ایم۔ ڈی۔ ۱۵ مارچ ۱۹۱۷ء سے چھ ہفتہ کی رخصت لیکر بمبئی گئے ہیں یہ رخصت ۲۵ اپریل ۱۹۱۷ء کو ختم ہو جائیگی۔ آئندہ انکی خدمات کی ضرورت نہیں ہے۔ من ابتدائے ۲۶ اپریل ۱۹۱۷ء وہ خدمات سے سبکدوش کیے جائیں ۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ حسب صراحت بالا جاری ہوں ۔

العبد
دستخط حاجب سکرٹری بہادر

حکم حکم عالیہ ارشاد اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

نظری تحریر حافظ احمد علی خان صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانجات نمبری ۲۹۱ مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۱۷ء

بمقدمہ عدم دستیابی اسلحہ محمد اشرف علی خاں نائب تحصیلدار مرحوم

بندوق دونالی کارتوسی	تلوار	طپنچہ
۱۲۲۴ کارخانہ واٹرلاک کلکتہ	۲۹۱	یک

اسلحہ رجسٹر سے خارج کیے جائیں ایک نقل بغرض اطلاع عام واسطے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے کہ اسلحہ جسکے پاس برآمد ہونگے ناجائز شمار ہونگے۔ نقل حکم سررشتہ پولیس کو بھی مرسل ہو۔

دستخط ... سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
نمبر ... ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر تقرر منشی منظور علی بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار اور ... روپیہ بارہ آنہ بعہدہ ہیڈ کلرک اسسٹنٹ افیسر میونسپلٹی بوجہ بیزاری کار ... منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
واقع ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

مع نقل رپورٹ واصل باقی نویس صدر دربارہ منظوری قواعد نسبت سیاہہ رقم امانت ضمانت ملاحظہ ہوا۔ واصل باقی نویس صدر نے جو طریقہ سیاہہ امانت ضمانت تحریر کیا ہے اور حاکم صاحب صدر نے اس سے اتفاق کیا ہے لہذا حسب صراحت رپورٹ واصل باقی نویس صدر منظوری دیجاتی ہے حسب صراحت رپورٹ واصل باقی نویس صدر تحصیلات سے وقت معینہ پر رپورٹ ہائے اجلاس متعلق میں بھیجی جایا کریں اور اجلاس حاکم صاحب صدر سے کارروائی تکمیل بعجلت ختم کیجائے۔ بابت اجرائے احکام جمیع تحصیلداران کو تفصیلاً اطلاع دیجائے۔ ایک نقل حکم بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو کہ اجمالی امانت ضمانت کی تصدیق کیلئے جو رپورٹیں سررشتہ ہٰذا سے موصول ہوا کریں وہ بلا تاخیر بعد تصدیق جلد واپس بھیجدی جایا کریں۔ انتظام کر دیا جاوے۔

ایک نقل رپورٹ واصل باقی نویس صدر معہ نقل حکم ہٰذا قابل گزٹ اجلاس ہے چھپاں ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہوں۔

دستخط ... ریونیو سکرٹری بہادر

جناب عالی

بملاحظہ نسبت تعیین طریقہ سیاہہ امانت ضمانت جو حسب اجلاس جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر میں حاضری کے تشریف لے گئے ہوئے اور حضور بھی بموقت اجلاس صاحب موصوف میں تشریف لے گئے تھے جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر نے ارشاد فرمایا تھا کہ سیاہہ امانت و سرکاری کو درخواستیں دینے کے متعلق پابندی کی ضرورت نہیں ہے بلکہ سررشتہ داری متعلق ہے وقت کی پابندی کیساتھ تکمیل ہو رپورٹ آنا چاہیے لہذا بابت تکمیل متذکرہ بسہولت تمام حسب ذیل طریقہ عرض کیا جاتا ہے

۱۔ سیاہہ امانت ضمانت کیلئے تکمیل فہرست ذریعہ رپورٹ حسب قاعدہ سررشتہ واصل باقی نویس صدر سے ۳۰ جون تک مرتب کرانا چاہیے۔

۲۔ تحصیلات سے بھی ایسی فہرستیں حسب قاعدہ مرتب کرکے ۳۰ جون تک آجایا کریں جو واصل باقی نویس صدر کے پاس بغرض مقابلہ کے بھیجدیجایا کریں یا سررشتہ واصل باقی نویس صدر میں شامل فہرست مرتبہ سررشتہ کو ہو جایا کریں۔

۳۔ سیاہہ جات میں سے اگر کوئی رقم بیجا ... درخواست پیش کرے تو وہ بھی واصل باقی نویس صدر کے پاس بھیجدیجایا کرے وہ بعد تصدیق و مطابقت کے اپنی یکجائی فہرست مرتبہ میں اسکو شامل کر لیا کریں۔ جداگانہ کارروائی درجہ بدرجہ ہونیکی ضرورت نہیں ہے۔

۴۔ واصل باقی نویس صدر کی مرتبہ فہرست و درخواست جو بغرض مطابقت اجمالی رقم سررشتہ ریونیو صاحب صدر میں بھیجی جاوے اسکے متعلق صاحب صدر کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ جانتک جلد ممکن ہو واپس فرمایا کریں۔

۵۔ بعد مطابقت رپورٹ صاحب صدر کے یہ کاغذات اجلاس جناب حاکم صاحب صدر سے اجلاس جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر جانتک ممکن ہو جلد بھیجے جایا کریں تاکہ اجلاس کی رپورٹ جو باجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم بھیجی جاوے وہ جلد مرتب ہو سکے اور کارروائی سیاہہ امانت ضمانت کی مناسب وقت پر ہو جایا کرے۔

۶۔ بعد ۳۰ جون کے اگر کسی رقم امانت ضمانت کے سیاہہ کی ضرورت پیش آئے تو اسکی رپورٹ بطور جداگانہ پیش ہو سکتی ہے جسکے تعیین وقت کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

۷۔ ۳۰ جون تک کا وقت جو نہائی محدود کیا گیا ہے بلحاظ ضمانت مالگزاری اور امانت ضمانت تحصیلات متفرق دونوں کے لیے ہے کیونکہ ... بالعموم ... زیادہ ... ہوتی ہیں۔ لہذا اجلاس ... فہرست ۳۰ جون تک مرتب ہو جانا کچھ دشوار نہیں ہے نہ کوئی امر مانع ہے۔

۸۔ بعد موصول ہونے فہرست اور رپورٹ کے اگر کوئی رقم امانت ضمانت کی کسی جانب سے بوجہ میعاد وغیرہ کے سبب ناقابل واپسی اور ناقابل سیاہہ ثابت ہو تو چونکہ ایسی مثل توسیع وغیرہ کی اجلاس عالی جناب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر میں موجود ہوگی۔ اسکی ترمیم ... اجلاس اس فہرست میں فرماکر واصل باقی نویس صدر کو اس ترمیم سے فوراً مطلع کر دیا کریں۔

مودبانہ التماس ہے کہ اب اس مختصر طریقہ پر بھی غور فرمالیا جائے۔ اگر یہ مناسب ہو تو منظوری ہوکر انہیں دفعات کی نقلیں شامل ہوکر احکام تحصیلات و سررشتہ جات متعلق میں بھیجدی جائیں۔ اور درج گزٹ کرادیا جائے۔ اور کسی ترمیم کی ضرورت ہو تو اجلاس سے ترمیم فرمادی جاوے۔ زیادہ حد ادب۔

دستخط ... واصل باقی نویس صدر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۲۲ اپریل لغایت ۲ مئی ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۹ ۱/۲ مار	۱۰ مار	۹ مار		۱۰ ۱/۲ مار	حضور تحصیل و تحصیل سوار سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا۔
نخود خالص		۱۳ ۱/۲ مار	۱۲ ۰ مار	۱۴ مار		۱۳ مار	
نخود کسہ آمیز		۱۴ ۰ مار	۱۴ مار	۱۵ مار		۱۴ ۰ مار	
گڑ		۰	۱۵ مار	۱۶ مار		۱۵ مار	
ماش		۸ مار	۸ مار	۸ مار		۸ مار	
مونگ		۰	۸ مار	۰		۸ ۰ مار	
مکا		۰	۱۲ مار	۱۲ ۰ مار		۱۲ مار	
جئی		۰	۰	۰		۱۵ مار	
گوجئی		۱۲ مار	۰	۰		۱۳ مار	
عدس		۱۰ مار	۰	۱۰ مار		۱۰ مار	
ارہر		۰	۰	۰		۱۲ مار	
برنج		۸ مار	۸ مار	۸ مار		۸ مار	
روغن زرد		۰ مار	۰ مار	۰ مار		۰ مار	
روغن سیاہ		۱ ۱/۲ مار	۱ ۱/۲ مار	۲ مار		۱ ۱/۲ مار	
روغن کنجد		۲ مار	۱ مار	۱ مار		۱ ۱/۲ مار	
نمک سانبھر		۱۳ مار	۱۲ ۰ مار	۱۱ مار		۱۲ مار	
نمک لاہوری		۱۰ مار	۸ مار	۸ مار		۹ مار	
قند سیاہ		۴ ۰ مار	۴ ۰ مار	۴		۵ مار	
باجرہ		۰	۰	۰		۰	